بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

آفاق
Daily AFAAQ Srinagar

سنیچروار یکم اگست ۲۰۲۶ء بمطابق ۱۷ صفر المظفر ۱۴۴۸ھ

## اقوال زریں

ظاہر کو بدلنا آسان ہے، باطن کو بدلنے میں عمر لگ جاتی ہے۔ مولانا جلال الدین رومیؒ

## دیہی علاقوں میں ماہر ڈاکٹروں کی کمی

جموں و کشمیر کے دیہی علاقوں میں صحت کے شعبے کو درپیش مسئلہ اب محض ایک علاقائی تشویش نہیں رہا، بلکہ ایک سنگین مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ جہاں شہری مراکز میں طبی خدمات نسبتاً بہتر دستیاب ہیں، وہیں دور افتادہ اور موسمی طور پر متاثرہ علاقوں میں ماہر ڈاکٹروں کی عدم موجودگی نے عوام کو بنیادی صحت سہولیات سے محروم کر رکھا ہے۔ اس سے نہ صرف دیہات کے رہائشیوں کو مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بلکہ سری نگر اور دیگر ضلعی اسپتالوں پر بھرپور دباؤ بھی بڑھایا ہے۔

دیہی عوام کو بیماری کی صورت میں اپنے قریب ترین ہسپتال تک پہنچنے کے لئے کئی کئی کلومیٹر کا سفر کرنا پڑتا ہے۔ موسمی مشکلات، خراب سڑکیں اور آمد و رفت کے محدود ذرائع کی وجہ سے یہ سفر بعض اوقات ناممکن سا ہو جاتا ہے۔ ایسے میں ماہرین امراض جن میں کارڈیالوجسٹ، جنرل سرجن، گائناکالوجسٹ، نیورولوجسٹ وغیرہ کی عدم موجودگی نے عام مریضوں کی حالت مزید نازک کر دی ہے۔

سرکاری صحت کے حکام کی کوششیں مثبت ہیں، مگر بنیادی مسئلہ نظام کی غیر مرکزی ساخت اور اہم سہولیات کی کمی برقرار ہے۔ پبلک ہیلتھ سینٹرز کو صرف عمارتیں تصور کرنا درست نہیں۔ یہ وہ ادارے ہیں جہاں ماہر ڈاکٹروں، جدید طبی آلات، لیبارٹری سہولیات، ادویات اور تربیت یافتہ عملہ میسر ہونا چاہیے۔ بدقسمتی سے بہت سے دیہی اور بستی علاقوں کے ہیلتھ سینٹرز میں نہ تو بنیادی سہولتیں ہیں اور نہ ہی ماہر عملہ۔

اگرچہ پبلک ہیلتھ سینٹرز کا قیام ایک مثبت قدم ہے، مگر ان مراکز میں بنیادی انفراسٹرکچر، مستقل بجلی اور پانی کی فراہمی، جدید تشخیصی آلات اور ماہر ڈاکٹروں کی مستقل تعیناتی نہ ہونے کے برابر ہے۔ نتیجتاً مریض مجبور ہیں کہ وہ اپنے گھروں کو چھوڑ کر سری نگر یا ضلع ہسپتالوں کا رخ کریں، جس سے نہ صرف ان کا وقت، پیسہ اور جان کو خطرہ ہوتا ہے بلکہ بڑے ہسپتالوں پر مریضوں کا رش بھی ناقابل برداشت حد تک بڑھ جاتا ہے۔

بلاشبہ، صحت کا نظام ایک مربوط ڈھانچہ ہے، جس میں مرکزی، ضلعی اور دیہی سطح پر خدمات کا منظم انتظام ضروری ہے۔ اگر دیہی سطح پر ماہر ڈاکٹروں کی کمی کو دور نہ کیا گیا تو پورے ریاستی صحت کے نظام پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ ماہر ڈاکٹروں کی موجودگی سے نہ صرف بنیادی علاج ممکن ہو سکے گا بلکہ امراض کی جلد تشخیص و بروقت علاج سے بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے گا۔

ضرورت اس بات کی بنیادی صحت مراکز کو جدید طبی آلات، لیبارٹری سہولیات اور عمومی اسپتال جیسے معیارات تک اپ گریڈ کیا جائے۔ ماہر ڈاکٹروں کو مستقل بنیادوں پر دیہی ہیلتھ مراکز میں تعینات کیا جائے، بشمول ترغیبی مراعات تاکہ وہ طویل عرصے تک دیہات میں خدمات سرانجام دینے کے لیے راغب ہوں۔ موسمی اور دور افتادہ علاقوں کے لیے خصوصی ہیلتھ موبائل یونٹس اور ٹیکنالوجی کے ذریعہ ٹیلی میڈیسن سروسز کو فعال کیا جائے۔ صحت کے نظام میں غیر مرکزی انتظامات مضبوط کئے جائیں تاکہ ہر ضلع اور ہر بستی تک صحت کی معیاری خدمات پہنچ سکیں۔ اگر ہم آج دیہی صحت کے نظام میں اصلاحات نہ کریں تو کل ہمارے اسپتال اس بڑھتے ہوئے بوجھ کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔ وقت ہے کہ ہم اپنے نظامِ صحت کو صرف شہروں تک محدود نہ رکھیں، بلکہ اس کو ہر گاؤں، ہر بستی، اور ہر انسان تک پہنچائیں۔

# آلودگی اور ذہنی صحت

## موجودہ سائنسی شواہد کی روشنی میں ایک جامع جائزہ

خصوصی مضمون: ظفر اقبال

موجودہ دور میں انسانی صحت کے سامنے سب سے بڑے چیلنجز میں سے ایک ماحولیاتی آلودگی ہے۔ صنعتی ترقی، شہری پھیلاؤ، بڑھتی ہوئی آبادی اور توانائی کے روایتی ذرائع کے استعمال نے ماحول کو شدید طور پر متاثر کیا ہے۔ اس آلودگی کے اثرات صرف جسمانی صحت تک محدود نہیں رہے بلکہ ذہنی صحت پر بھی گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ جدید سائنسی تحقیق اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ فضائی آلودگی، ماحولیاتی شور، اور زہریلے کیمیکلز جیسے عوامل ذہنی بیماریوں کے خطرے کو بڑھا سکتے ہیں، ان کی علامات کو شدید بنا سکتے ہیں اور بعض صورتوں میں ان کے پیدا ہونے کے عمل میں بھی کردار ادا کر سکتے ہیں۔

ذہنی صحت انسانی زندگی کا ایک بنیادی جزو ہے۔ یہ صرف ذہنی بیماریوں کی عدم موجودگی کا نام نہیں بلکہ ایک ایسی حالت ہے جس میں انسان اپنی صلاحیتوں کو پہچانتا ہے، زندگی کے معمول کے دباؤ کا مقابلہ کر سکتا ہے، نتیجہ خیز انداز میں کام کر سکتا ہے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کر سکتا ہے۔

ذہنی صحت کا تعلق فرد کے جذبات، خیالات، رویوں اور سماجی تعلقات سے ہوتا ہے۔ جب ذہنی صحت متاثر ہوتی ہے تو انسان کی روزمرہ زندگی، کام کرنے کی صلاحیت، سماجی روابط اور مجموعی معیارِ زندگی متاثر ہو جاتا ہے۔

تحقیقی مطالعات کے مطابق دنیا بھر میں کروڑوں افراد مختلف ذہنی بیماریوں کا شکار ہیں۔ ان میں افسردگی، اضطراب، دوئبرووی عارضہ اور شیزوفرینیا نمایاں ہیں۔ یہ بیماریاں نہ صرف فرد بلکہ خاندان اور معاشرے پر بھی گہرے اثرات ڈالتی ہیں۔

ذہنی صحت کو متاثر کرنے والے عوامل: ذہنی صحت ایک پیچیدہ نظام کا نتیجہ ہے جس میں کئی عوامل ایک دوسرے کے ساتھ تعامل کرتے ہیں۔ ان عوامل کو عمومی طور پر درج ذیل اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

۱۔ جینیاتی عوامل: کچھ ذہنی بیماریاں وراثت کے ذریعے منتقل ہو سکتی ہیں۔ اگر خاندان میں کسی کو ذہنی بیماری ہو تو آئندہ نسلوں میں اس کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔

۲۔ سماجی اور معاشی عوامل: غربت، بے روزگاری، معاشی عدم استحکام، سماجی ناانصافی اور عدم تحفظ جیسے عوامل ذہنی دباؤ کو بڑھاتے ہیں اور ذہنی بیماریوں کے امکانات میں اضافہ کرتے ہیں۔

۳۔ نفسیاتی عوامل: بچپن کے صدمات، جذباتی دباؤ، تنہائی اور زندگی کے مشکل حالات ذہنی صحت پر منفی اثر ڈال سکتے ہیں۔

۴۔ طرزِ زندگی: نیند کی کمی، غیر متوازن غذا، جسمانی سرگرمی کی کمی اور منشیات یا الکحل کا استعمال بھی ذہنی صحت کو متاثر کر سکتے ہیں۔

۵۔ ماحولیاتی عوامل: ماحولیاتی عوامل میں آلودگی، شور، رہائشی ماحول، سبز جگہوں کی کمی اور شہری دباؤ شامل ہیں۔ حالیہ تحقیق خاص طور پر ان عوامل پر زیادہ توجہ دے رہی ہے۔

ماحولیاتی آلودگی کی اقسام: ماحولیاتی آلودگی کئی شکلوں میں موجود ہوتی ہے اور ہر قسم انسانی صحت پر مختلف انداز سے اثر انداز ہو سکتی ہے۔

فضائی آلودگی: فضائی آلودگی دنیا کے بڑے شہروں کا ایک اہم مسئلہ ہے۔ گاڑیوں کے دھوئیں، صنعتوں کے اخراج، بجلی گھروں، اور کوئلے کے استعمال سے فضا میں نقصان دہ ذرات شامل ہو جاتے ہیں۔

ان ذرات میں شامل ہوتے ہیں: باریک معلق ذرات، نائٹروجن آکسائیڈ، اوزون، سلفر ڈائی آکسائیڈ

یہ عناصر سانس کے ذریعے جسم میں داخل ہو کر دماغ تک پہنچ سکتے ہیں اور دماغی خلیوں پر منفی اثر ڈال سکتے ہیں۔

شور کی آلودگی: شہری علاقوں میں ٹریفک، صنعتوں، ہوائی جہازوں اور تعمیراتی سرگرمیوں کے باعث شور کی سطح بہت زیادہ ہو جاتی ہے۔ مسلسل شور ذہنی دباؤ، بے خوابی، چڑچڑاپن اور اضطراب کا باعث بن سکتا ہے۔

کیمیائی آلودگی: زہریلے کیمیکلز جیسے بھاری دھاتیں، کیڑے مار ادویات اور صنعتی فضلہ انسانی صحت کے لیے خطرناک ہیں۔ یہ مادے جسم میں جمع ہو کر دماغی نظام کو متاثر کر سکتے ہیں۔

آلودگی اور دماغی نظام: حالیہ سائنسی مطالعات سے معلوم ہوا ہے کہ ماحولیاتی آلودگی دماغی نظام کو کئی طریقوں سے متاثر کر سکتی ہے۔

سب سے پہلے فضائی آلودگی کے باریک ذرات خون کے ذریعے دماغ تک پہنچ سکتے ہیں اور وہاں سوزش پیدا کر سکتے ہیں۔ دماغی سوزش دماغی خلیوں کے کام کو متاثر کرتی ہے اور ذہنی بیماریوں کے خطرے کو بڑھا سکتی ہے۔

دوسرا طریقہ اعصابی نظام کے ذریعے ہوتا ہے۔ کچھ ذرات ناک کے ذریعے دماغ کے اعصابی راستوں تک پہنچ سکتے ہیں۔

تیسرا طریقہ ہارمونل نظام کے ذریعے ہے۔ آلودگی جسم میں تناؤ کے ہارمونز کو بڑھا سکتی ہے جس سے ذہنی دباؤ اور اضطراب میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

ذہنی بیماریوں سے تعلق: تحقیقی شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ آلودگی مختلف ذہنی بیماریوں کے ساتھ منسلک ہو سکتی ہے۔

افسردگی: افسردگی دنیا کی سب سے عام ذہنی بیماریوں میں سے ایک ہے۔ متعدد مطالعات نے یہ ظاہر کیا ہے کہ فضائی آلودگی کے زیادہ شکار علاقوں میں رہنے والے افراد میں افسردگی کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

اضطراب: ماحولیاتی شور اور شہری دباؤ اضطراب کی علامات کو بڑھا سکتے ہیں۔ شور کی آلودگی نیند کے مسائل پیدا کرتی ہے جو اضطراب اور ذہنی دباؤ کو مزید بڑھا دیتی ہے۔

دوئبرووی عارضہ: کچھ مطالعات میں فضائی آلودگی اور دوئبرووی عارضے کے درمیان تعلق کی نشاندہی کی گئی ہے، اگرچہ اس بارے میں مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔

شیزوفرینیا: کچھ تحقیق میں یہ اشارہ ملا ہے کہ آلودہ ماحول میں پرورش پانے والے افراد میں شیزوفرینیا کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔

یورپ میں ذہنی بیماریوں کا بوجھ: عالمی صحت کے مطالعات کے مطابق یورپی یونین میں ذہنی بیماریوں کا بوجھ مسلسل بڑھ رہا ہے۔

2023 کے اعداد و شمار کے مطابق ذہنی بیماریوں کی وجہ سے لاکھوں افراد کی صحت متاثر ہوئی اور لاکھوں سال صحت مند زندگی کے ضائع ہو گئے۔ اس کو معذوری کے مطابق زندگی کے سالوں کے پیمانے سے ناپا جاتا ہے۔ یہ بیماریوں کے مجموعی بوجھ میں چھٹے نمبر پر ہیں اور موت کی عام وجوہات میں بھی نمایاں مقام رکھتی ہیں۔ تحقیقی رپورٹس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ 2000 کے بعد ذہنی بیماریوں کی شرح میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، خاص طور پر نوجوانوں اور شہری آبادی میں۔

شہری ماحول اور ذہنی صحت: شہری زندگی جدید سہولیات فراہم کرتی ہے مگر اس کے ساتھ کئی چیلنج بھی ہوتے ہیں۔ بڑی آبادی، ٹریفک، شور، فضائی آلودگی، محدود سبز جگہیں اور تیز رفتار زندگی ذہنی دباؤ میں اضافہ کر سکتی ہے۔ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں اضطراب اور افسردگی کی شرح دیہی علاقوں کے مقابلے میں زیادہ پائی گئی ہے۔

فطرت اور ماحول کا مثبت کردار: ماحول صرف خطرہ نہیں بلکہ ذہنی صحت کے لیے ایک اہم حفاظتی عنصر بھی ہو سکتا ہے۔ تحقیقی مطالعات سے معلوم ہوا ہے کہ فطرت کے ساتھ وقت گزارنا ذہنی صحت کو بہتر بنا سکتا ہے۔

مثال کے طور پر: جنگل میں چہل قدمی، پارکوں میں وقت گزارنا، سبز علاقوں میں رہائش

یہ سرگرمیاں ذہنی دباؤ کو کم کرتی ہیں، توجہ میں اضافہ کرتی ہیں اور ذہنی سکون فراہم کرتی ہیں۔

کچھ تحقیق میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ سبز علاقوں کے قریب رہنے والے افراد میں ذہنی بیماریوں کا خطرہ نسبتاً کم ہوتا ہے۔

پالیسی سازی اور عوامی صحت: ماحولیاتی آلودگی اور ذہنی صحت کے درمیان تعلق کو سمجھنا پالیسی سازوں کے لیے انتہائی اہم ہے۔ اگر حکومتیں ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کے اقدامات کریں تو اس کے فائدے صرف جسمانی صحت تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ ذہنی صحت بھی بہتر ہوگی۔

اس مقصد کے لیے چند اہم اقدامات کیے جا سکتے ہیں:

1۔ فضائی آلودگی کو کم کرنے کے لیے سخت قوانین
2۔ شہری منصوبہ بندی میں سبز علاقوں کا اضافہ
3۔ شور کی آلودگی کو کم کرنے کے اقدامات
4۔ صنعتی کیمیکلز کے استعمال پر کنٹرول
5۔ عوام میں ماحولیاتی آگاہی پیدا کرنا

ماحولیاتی آلودگی جدید دور کا ایک اہم مسئلہ ہے جو انسانی صحت کے کئی پہلوؤں کو متاثر کرتا ہے۔ حالیہ سائنسی شواہد سے واضح ہوتا ہے کہ آلودگی نہ صرف جسمانی بیماریوں بلکہ ذہنی صحت کے مسائل سے بھی جڑی ہوئی ہے۔

فضائی آلودگی، شور اور زہریلے کیمیکلز دماغی نظام کو متاثر کر کے افسردگی، اضطراب اور دیگر ذہنی بیماریوں کے خطرے کو بڑھا سکتے ہیں۔ دوسری جانب قدرتی ماحول اور سبز جگہیں ذہنی سکون اور بحالی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

لہٰذا ضروری ہے کہ ماحولیاتی پالیسیوں میں ذہنی صحت کو بھی شامل کیا جائے اور ایسے اقدامات کیے جائیں جو آلودگی کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ صحت مند ماحول کو فروغ دیں۔ اس طرح نہ صرف انسانی صحت بہتر ہوگی بلکہ معاشرے کی مجموعی فلاح و بہبود میں بھی اضافہ ہوگا۔

# بیت المال: کمزوروں کی امید

تحریر: تسلیمہ اختر

انسانی معاشرے کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ جہاں دولت کا صحیح اور منصفانہ استعمال ہوتا ہے وہاں انصاف سکون اور خوشحالی جنم لیتی ہے۔ لیکن جہاں دولت کی تقسیم میں ناانصافی ہو جہاں امانت میں خیانت ہو اور جہاں کمزوروں کا حق طاقتوروں کے ہاتھوں پامال ہو جائے وہاں معاشرہ بے سکونی غربت اور ناامیدی کا شکار ہو جاتا ہے۔ اسلامی نظام میں بیت المال ایک ایسا مقدس ادارہ ہے جو معاشرے کے کمزور طبقات کی مدد اور فلاح کے لیے قائم کیا گیا تھا۔ لیکن آج کے دور میں یہی ادارہ کئی جگہوں پر ایک سنجیدہ مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔

بیت المال دراصل مسلمانوں کا اجتماعی خزانہ ہے یہ وہ امانت ہے جس میں زکوۃ صدقات عطیات اور دیگر مالی وسائل جمع کیے جاتے ہیں تاکہ معاشرے کے غریب یتیم بیوہ بیمار اور ضرورت مند افراد کی مدد کی جا سکے اسلام نے اس ادارے کو صرف مالی انتظام نہیں بلکہ ایک اخلاقی اور روحانی ذمہ داری بھی قرار دیا ہے اس کا مقصد صرف دولت جمع کرنا نہیں بلکہ اسے انصاف اور رحم کے ساتھ مستحق لوگوں تک پہنچانا ہے۔

اسلامی تاریخ پر نظر ڈالیں تو ہمیں ایسے بے شمار روشن مثالیں ملتی ہیں جہاں بیت المال کو انتہائی دیانت داری اور خوفِ خدا کے ساتھ چلایا گیا۔ خلفائے راشدین کے دور میں بیت المال کو عوام کی امانت سمجھا جاتا تھا۔ حضرت عمرؓ کا وہ واقعہ بہت مشہور ہے جب انہوں نے سرکاری کام کے لیے جلنے والا چراغ الگ رکھا اور ذاتی کام کے لیے دوسرا چراغ جلایا۔ اس چھوٹے سے عمل میں ایک عظیم پیغام پوشیدہ ہے کہ عوامی مال میں معمولی سی خیانت بھی ناقابل قبول ہے۔ لیکن آج کے حالات کو دیکھیں تو دل افسردہ ہو جاتا ہے بہت سے معاشروں میں بیت المال یا اسی نوعیت کے ادارے اپنی اصل روح سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ کہیں بدعنوانی کا سایہ ہے، کہیں سفارش اور اقربا پروری کا نظام ہے، اور کہیں شفافیت کی شدید کمی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جن لوگوں کے لیے یہ ادارے قائم کیے گئے تھے وہی لوگ محروم رہ جاتے ہیں۔

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایک بیوہ عورت کئی مہینوں تک بیت المال کے دفتر کے چکر لگاتی رہتی ہے، مگر اسے کوئی مدد نہیں ملتی ایک یتیم بچہ تعلیم کے لیے چند سکوں کا محتاج ہوتا ہے مگر اس کے لیے دروازے بند ہوتے ہیں۔ ایک بیمار شخص دوا کے لیے ہاتھ پھیلاتا ہے مگر اس کی فریاد سننے والا کوئی نہیں ہوتا یہ وہ دردناک حقیقتیں ہیں جو ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہیں کہ کہیں نہ کہیں ہم نے اس مقدس امانت کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ اصل مسئلہ صرف مالی بدعنوانی نہیں بلکہ اخلاقی زوال بھی ہے۔ جب انسان کے دل سے خوفِ خدا نکل جاتا ہے تو پھر امانت اور خیانت کے درمیان فرق مٹنے لگتا ہے وہ مال جو غریبوں کا حق ہوتا ہے، بعض اوقات طاقتور لوگوں کی جیبوں میں چلا جاتا ہے۔ یہ صرف ایک قانونی جرم نہیں بلکہ ایک عظیم اخلاقی جرم بھی ہے۔

اسلامی تعلیمات ہمیں بار بار یاد دلاتی ہیں کہ جو شخص عوامی مال میں خیانت کرتا ہے وہ اللہ کے حضور سخت جواب دہ ہوگا قرآن مجید میں امانت کی حفاظت کو ایمان کا حصہ قرار دیا گیا ہے اس لیے بیت المال کا مسئلہ صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ ایک روحانی اور اخلاقی مسئلہ بھی ہے۔ ایک صحت مند معاشرے کے لیے ضروری ہے کہ بیت المال کے نظام کو مکمل شفاف بنایا جائے۔ اس کے لیے واضح اصول مضبوط نگرانی اور ایماندار افراد کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسے لوگ جو نہ صرف قانون سے ڈرتے ہوں بلکہ اللہ کے سامنے جواب دہی کا احساس بھی رکھتے ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ معاشرے میں شعور بیدار کرنا بھی ضروری ہے عوام کو یہ سمجھنا چاہیے کہ بیت المال صرف حکومت کا ادارہ نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ امانت ہے اگر ہم اس امانت کی حفاظت میں غفلت برتیں گے تو اس کے نتائج پورا معاشرہ بھگتے گا۔

ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ غربت صرف مالی مسئلہ نہیں بلکہ ایک انسانی المیہ بھی ہے۔ جب ایک باپ اپنے بچوں کے لیے روٹی کا انتظام نہ کر سکے تو اس کا دل ٹوٹ جاتا ہے جب ایک ماں اپنے بیمار بچے کے لیے دوا نہ خرید سکے تو اس کی آنکھوں سے بہنے والے آنسو معاشرے کے ضمیر کو جھنجھوڑ دینے کے لیے کافی ہوتے ہیں۔

اگر بیت المال کا نظام صحیح طریقے سے کام کرے تو یہ ہزاروں زندگیوں کو بدل سکتا ہے یہ یتیم بچوں کو تعلیم دے سکتا ہے بیوہ عورتوں کو سہارا دے سکتا ہے بیماروں کو علاج فراہم کر سکتا ہے اور بے گھر لوگوں کو چھت دے سکتا ہے یہ ایک ایسا ذریعہ بن سکتا ہے جو معاشرے میں امید کی روشنی پیدا کرے۔ لیکن اگر اس نظام میں بدعنوانی داخل ہو جائے تو یہی ادارہ ناانصافی کی علامت بن جاتا ہے پھر لوگ اس پر اعتماد کھو دیتے ہیں اور معاشرے میں بددلی اور مایوسی پھیلنے لگتی ہے اس لیے وقت کی سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ ہم بیت المال کے اصل مقصد کو دوبارہ زندہ کریں ہمیں اپنے دلوں میں امانت داری، رحم اور انصاف کے جذبے کو مضبوط کرنا ہوگا۔ ہمیں ایسے نظام قائم کرنے ہوں گے جہاں ہر پیسہ صحیح جگہ پر خرچ ہو اور ہر مستحق شخص کو اس کا حق ملے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ علماء دانشور اور معاشرتی رہنما اس مسئلے پر کھل کر بات کریں انہیں لوگوں کو یاد دلانا چاہیے کہ بیت المال صرف ایک مالی نظام نہیں بلکہ ایک مقدس ذمہ داری ہے۔ جب ایک معاشرہ اپنے کمزور افراد کا خیال رکھتا ہے تو وہ حقیقی معنوں میں مضبوط بنتا ہے کیونکہ طاقت صرف دولت یا طاقتور لوگوں میں نہیں ہوتی بلکہ اس میں ہوتی ہے کہ ایک معاشرہ اپنے سب سے کمزور فرد کو بھی عزت اور تحفظ فراہم کرے

آخر میں یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ بیت المال کا مسئلہ دراصل ہمارے ضمیر کا مسئلہ ہے اگر ہمارے دلوں میں خوفِ خدا اور انسانیت کا جذبہ زندہ ہو تو یہ ادارہ رحمت بن سکتا ہے۔ لیکن اگر ہم نے اپنی ذمہ داریوں کو فراموش کر دیا تو یہی ادارہ ایک سنجیدہ مسئلہ بن کر معاشرے کو کمزور کر دے گا. ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہم کس راستے کا انتخاب کرتے ہیں انصاف امانت اور رحم کا راستہ یا خود غرضی اور ناانصافی کا راستہ۔

اگر ہم نے امانت داری کا راستہ اپنایا تو یقیناً وہ دن دور نہیں جب بیت المال ایک بار پھر امید انصاف اور انسانیت کی روشن علامت بن جائے گا۔ اور اس دن معاشرے کے وہ لوگ جو آج خاموشی سے تکلیف برداشت کر رہے ہیں وہ بھی یہ محسوس کریں گے کہ وہ اکیلے نہیں ہیں ان کا معاشرہ ان کے ساتھ کھڑا ہے۔

